سوال

کیا سیپی یا سمندری جھاگ کا شمار ان ہڈیوں میں ہوتا ہے جس کے ساتھ استنجاء کرنا جائز نہیں ؟

جواب

ہمہ قسم کی حمد اللہ تعالی کے لیے، اور درود و سلام ہوں اللہ کے رسول پر، بعد ازاں :

ہم نے یہ سوال فضیلۃ الشیخ محمد بن صالح العثیمین رحمہ اللہ کے سامنے رکھا تو انہوں نے جواب دیا :

نہیں، بلکہ ان کے ساتھ استنجاء کرنا جائز ہے، کیونکہ حدیث میں ہر اس ہڈی کا ذکر ہے جس پر اللہ کا نام لیا گیا ہو

اور یہ (یعنی سیپی اور سمندری جھاگ) ذبح نہیں ہوتی (چنانچہ یہ اس طرح کی ذبح کردہ مباح اشیاء میں شامل نہیں ہو جن پر اللہ کا نام لیا گیا ہو اور اس کی ہڈی سے استنجاء کرنا حرام ہو، کیونکہ وہ تو مسلمان جنوں کا کھانا ہے، جیسا کہ حدیث میں بیان ہوا ہے). انتہی .

الشیخ محمد بن صالح العثیمین

8865